رول نمبر ____________ 2015 (A)

انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - II (کلاس بارہویں)

اردو (لازمی) پرچہ ۔ دوسرا وقت = 2.40 گھنٹے

گروپ ۔ پہلا **اِنشائیہ** کل نمبر = 80

نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو سوالیہ پرچے میں درج ہے۔

حصہ اول

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 8 + 1 + 1 = 10

سراپا مَعصِیت میں ہوں، سراپا مغفرت وہ ہے — خطا کوشی روش میری، خطا پوشی ہے کام اُس کا

مری افتادگی بھی میرے حق میں اس کی رحمت تھی — کہ گرتے گرتے بھی میں نے لیا دامن ہے تھام اُس کا

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 3 + 3 + 3 + 1 = 10

تو شریکِ سخن نہیں ہے تو کیا — ہم سخن تیری خامشی ہے ابھی

یاد کے بے نشاں جزیروں سے — تیری آواز آرہی ہے ابھی

شہر کی بے چراغ گلیوں میں — زندگی تجھ کو ڈھونڈتی ہے ابھی

حصہ دوم

3۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح سیاق وسباق کے حوالہ سے کریں۔ سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 10 + 3 + 1 + 1 = 15

(الف) بنوامیہ کے دفترِ اعمال میں سب سے زیادہ قوم کو برباد کرنے والا یہ واقعہ ہے کہ انھوں نے آزادی اور حق گوئی کا استیصال کر دیا تھا۔ عبدالملک نے تخت پر بیٹھ کر حکم دیا تھا کہ کوئی شخص میری کسی بات پر روک ٹوک نہ کرنے پائے اور جو شخص ایسا کرے گا سزا پائے گا، اگرچہ اس پر بھی آزادی پسند عرب کی زبانیں بند نہ ہوئیں تاہم بہت کچھ فرق آ گیا تھا۔

(ب) میں لاہور آیا تو کچھ دنوں زمیندار کے دفتر میں بھی قیام رہا۔ ایک رات کا ذکر ہے کہ کسی نے پچھلے پہر میرا شانہ ہلایا۔ میں آنکھیں ملتا ہوا اُٹھ بیٹھا۔ لیکن ابھی صبح کاذب تھی، ہر طرف تاریکی چھائی ہوئی تھی۔ صرف اتنا معلوم ہوا کہ کوئی شخص میرے سرھانے کھڑا ہے، میں گھبرایا کہ الٰہی یہ کیا ماجرا ہے۔

4۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے نیز مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 9 + 1 = 10

(i) نواب محسن الملک (ii) قرطبہ کا قاضی

5۔ اکبر الٰہ آبادی کی نظم '' خدا سرسبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر '' کا خلاصہ لکھیے۔ 5

6۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے۔ 20

(i) سیرت النبیؐ (ii) زراعت اور سائنس (iii) ماحولیاتی آلودگی

7۔ اپنے چھوٹے بھائی کے نام خط لکھیے جس میں اُسے بُری صحبت سے بچنے اور تعلیم پر توجہ دینے کی تلقین کیجیے۔ 10